تبصرہ نگار: م، ا

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ــــــــ (ادارہ)

شرح شمائل ترمذی کامل۔ تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی، صفحات (جلد اول): ۶۴۰، (جلد ثانی): ۵۸۲، قیمت: درج نہیں، ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ برانچ، پوسٹ آفس، خالق آباد نوشہرہ (سرحد)۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی شہرۂ آفاق تالیف ''شمائل ترمذی'' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ اقدس کا خلاصہ وعطر ہے جس میں آپؐ کے شمائل وخصائل، حسن وجمال، انداز گفتار ورفتار، کیفیاتِ عبادات اور معمولاتِ روز و شب کا احاطہ کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعہ کے ساتھ ساتھ عشق ومحبت نبویؐ میں اضافہ محسوس ہوتا ہے۔ صدیوں سے مروّج ومتداول اور شامل نصاب ہونے کی وجہ سے اب تک اس کی بیسیوں عربی، فارسی، اردو اور دیگر کئی زبانوں میں شروح لکھی گئی ہیں تاہم ہر گلے را رنگ وبوئے دیگر یست کے مصداق مولانا عبدالقیوم حقانی زیدمجدہم نے اس میں ایک مفید، دلنواز اور خوب صورت اضافہ فرمایا ہے۔ درسی انداز میں لکھی گئی ''شرح شمائل ترمذی'' کا پیرایۂ انداز صرف عالمانہ ومحدثانہ ہی نہیں عاشقانہ ووالہانہ بھی ہے۔ امید ہے کہ یہ شرح اساتذہ وطلبۂ حدیث کی درسی ضروریات کے لیے جامع اور اہل علم میں مقبولیت کی حامل ہوگی۔ کاغذ عمدہ کمپوزنگ وطباعت دیدہ زیب ہے۔

......☆☆☆......

توضیح السنن شرح آثار السنن (کامل)۔ تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی، صفحات: (جلد اول) ۶۴۰، (جلد ثانی): ۷۱۴، قیمت مکمل سیٹ: ۵۰۰ روپے، ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ (سرحد)۔

''آثار السنن'' علامہ ظہیر احسن نیمویؒ کی شاہکار تالیف ہے جس میں صحیح وحسن احادیث شریفہ سے احناف کثر اللہ فیوضہم کے مسلک کو مبرہن کیا گیا ہے۔ اگر یہ کتاب مکمل ہو جاتی تو بہت سے کتابوں سے مستغنی کر دیتی۔ بہر حال اس کا جتنا حصہ لکھا گیا ہے، وہ بھی طلبۂ حدیث کے لیے بے بہا نعمت ہے۔ ''آثار السنن'' کے رتبۂ عظیمہ کے پیش نظر اس کی ایسی ہی عظیم الشان شرح کی ضرورت تھی جس میں فقہی مسائل کی تحقیق وتشریح کے ساتھ فقہ حنفی کی توضیح، مستدلات اور اسرار وحکم کو بالتفصیل بیان کیا جاتا۔ مولانا عبدالقیوم حقانی زیدمجدھم نے ''توضیح السنن'' کے نام سے ایک مبسوط وجامع